روزانہ، ہمیشہ اور سب کے لیے کرنے والے مسنون اذکار

1۔۔۔سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ الناس تین بار صبح اور تین بار شام کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ سر سے لے کر پاؤں تک آگے پیچھے پورے جسم پر پھیر لیں، یہ عمل سب گھر والے ہمیشہ کریں۔

2 ۔۔۔ تین بار صبح اور تین بار شام: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

بِسْمِ اللَّهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

3۔۔۔ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی ایک بار پڑھیں اور رات کو سوتے وقت بھی پڑھیں

4۔۔۔باتھ روم میں جانے کی دعا پڑھیں اور سر ڈھانپ کر باتھ روم میں جائیں۔ دعا باہر پڑھیں، اگر اندر جا کر یاد آئے تو دل میں پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ۔ "اے اللہ! میں آپ کی پناہ پکڑتا ہوں تمام شیاطین (مردوں اور عورتوں) کے شر سے۔"

5۔۔۔روزانہ بلاناغہ کم از کم ایک سپارے کی تلاوت کریں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ کم از کم ایک رکوع ترجمے کے ساتھ پڑھیں۔ اگر گھر میں ترجمہ موجود ہے تو ٹھیک ورنہ پلے سٹور سے Ruh ul Quran یا بیان القرآن Bayan ul Quran ڈاؤن لوڈ کر کے مطالعہ شروع کریں۔

6۔۔۔جمعے والے دن سورہ کہف کی تلاوت کریں یا کم از کم پہلے اور آخری رکوع کی تلاوت ضرور کریں تاکہ اگلے جمعے تک تمام فتنوں، گمراہیوں سے حفاظت اور مکروفریب، دجل و کذب اور باطل کی پہچان ہوتی رہے۔ بہتر ہے پہلا اور آخری رکوع حفظ کر لیں۔

7۔۔ گھر میں خوشبو کا استعمال کریں۔ سر پر تیل لگایا کریں، جیب میں مسواک رکھیں، عجوہ کھجور، کلونجی، شہد کا استعمال کبھی کبھی کر لیا کریں۔

8۔ پرہیز: موسیقی سے پرہیز کریں، کیونکہ جدید ترین جادو، موسیقی کی دھنوں میں فیڈ کیا گیا ہوتا ہے جسے سننے سے برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اسی طرح بیہودہ فلمیں، ڈرامے اور کارٹون دیکھنے سے بھی اجتناب کریں، کیونکہ مووی کے فریمز کے اندر شارٹ ویژن کے انداز میں جادوئی تصویریں فٹ کی گئی ہوتی ہیں، جو دیکھنے میں نظر تو نہیں آتی مگر آنکھوں کے سامنے سے گزرتے وقت دماغ کے لاشعور میں فٹ ہو جاتی ہیں اور پھر انسان لاشعوری طور پر وہی کرتا ہے جو اس مووی کے ذریعے فیڈ کیا جاتا ہے۔ لڑکیوں پر زیادہ ترجنات کے اثرات شادی کی محفلوں سے لگتے ہیں جب وہ بن سنور کر بے پردہ ہو کر شادی کی موسیقی کی محفل میں شریک ہوتی ہیں۔

نوٹ: یاد رکھیں: یہ روزانہ کے مسنون اعمال آپ کا حصار ہیں، اگر آپ اور آپ کے بچے یہ اعمال کرتے رہیں گے تو نظر، حسد، جادو جنات سے بچے رہیں گے۔ ایسا کوئی وظیفہ نہیں جسے پڑھنے سے آپ راتوں رات کروڑپتی بن جائیں، مرضی کے رشتے ملیں، اور ہر مراد پوری ہو جائے۔ اصل طریقہ اللہ رسول کی اطاعت ہے، اور تقویٰ ہے، جس کے نتیجے میں دنیا بھی ملتی ہے اور آخرت تو ملے گی

مشکلات سے نکلنے، کاروبار میں برکت، جاب کی تلاش، رشتوں اور اولاد کے حصول کے لیے کثرت کے ساتھ چار کام کریں۔

1۔ لاحول ولاقوۃ الا باﷲ کثرت سے پڑھیں۔ 2۔ استغفر اللہ ربی من کل ذنب کثرت سے پڑھیں۔ 3۔ نماز والا درود شریف پڑھیں۔۔ 4۔ روزانہ عشاء کے بعد دو رکعت نفل صلاۃ حاجت پڑھ کر اپنے دکھ درد اللہ کے سامنے رکھیں۔ کیونکہ نبیوں کا مشکلات سے نکلنے کا وظیفہ یہی ہوتا تھا۔

نہایت اہم نوٹ: یہ تمام وظائف اس وقت کام دیں گے جب آپ فرض نماز، روزے، زکوۃ اور حج کا اہتمام کرنے والے ہوں گے۔ اگر آپ فرائض ادا نہیں کرتے تو یہ نفلی اذکار فائدہ نہیں دیں گے۔

اگر آپ جادو جنات، بندش وغیرہ مسائل کا شکار ہیں تو ان کے توڑ کے لیے اوپر ایک نمبر سے آٹھ نمبر تک تمام چیزوں کی پابندی کرتے ہوئے اس کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل کام کم از کم سات دنوں تک کریں، بہتر یہ ہے کہ اسے جاری رکھیں۔

1۔۔۔ سات دن تک صبح شام 100 مرتبہ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس، بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔

2۔۔ یہ آیت اکیس بار پانی پر پڑھ کر سب گھر والے پیئیں

فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ

إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ . وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ } [يونس: 81]

3۔ زیادہ سے زیادہ تلاوت قرآن پاک کریں۔ جنات والے مریض رقیہ شرعیہ یعنی منزل کی تلاوت بھی کریں، اور کسی قاری کی آواز میں اس کی آڈیو بھی صبح شام سنیں۔ گھر کے تمام کمروں میں کئی دنوں تک بلند آواز سے آذان دیں۔ اگر مریض کو یہ وظائف کرنے یا سننے سے تکلیف ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ یہی وظائف اصل علاج ہیں۔ تکلیف کی صورت میں وظائف چھوڑنے کے بجائے مزید بڑھا دیں۔

منجانب: سید عبدالوہاب شاہ شیرازی

) مجلس ذکر و فکر

03215083475